**A–0471**

**Total Pages : 4** **Roll No.........................**

# MAUL–504

## Master of Arts (M.A.-23)

**TAHQEEQ**

Paper : IV

ایم.اے.اردو سمسٹر اوّل، چوتھا پرچہ

تحقیق

Examination, June 2025

**Time : 2:00 Hrs.** **Max. Marks : 70**

**نوٹ:۔** یہ پرچہ حصہ (الف) اور (ب) پر مشتمل ہے۔ ہر حصّے کے سوالوں کا جواب متعلقہ ہدایات کے مطابق دیجئے۔

2×19=38 **حصّہ (الف)**

**نوٹ:۔** مندرجہ ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب دیجئے۔ ہر سوال ۱۹ ر نمبر کا ہے۔

۱۔ ڈاکٹر عطش درّانی کے مطابق اُردو تحقیق کے تین دبستانوں میں کیا فرق ہے اور ہر دبستان کا کردار کس طرح تحقیق کی ترقّی میں اہم رہا؟

۲۔ مسعود حسین خان کی تحقیقی کتاب ''مقدمۂ تاریخِ زبانِ اردو'' کو اُردو زبان کے آغاز و ارتقا کے حوالے سے ایک مستند حوالہ کیوں سمجھا جاتا ہے؟ اس کتاب میں انہوں نے لسانیاتی اور ادبی تحقیق کو کس طرح یکجا کیا؟

۳۔ ڈاکٹر نجم الہدیٰ اور حنیف نقوی کے مطابق تحقیق کے دوران عجلت پسندی اور فوری نتیجے تک پہنچنے کے رویّے کا تحقیق پر کیا اثر پڑتا ہے؟

۴۔ خواجہ احمد فاروقی کی کتاب ''تاریخ مکاتیبِ اُردو'' میں اُردو خطوط کی ادبی تاریخی روایات پر کیا روشنی ڈالی گئی ہے؟

۵۔ تحقیق کہ ایک علم اور فن قرار دیتے ہوئے وضاحت کریں کہ شک کا مادہ ایک ذہن کو حقائق کی جستجو کے لئے کیسے متحرک کرتا ہے؟

## حصّہ (ب) 4×8=32

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف چار سوالوں کے جواب دیجئے۔ ہر سوال ۸ نمبر کا ہے۔

۱۔ تحقیق کو سچّائی اور حقیقت کی تلاش کا عمل قرار دیا گیا ہے لیکن اس میں ''آدھی صداقتوں'' کا تصور کیا اہمیت رکھتا ہے؟ اور یہ کس طرح تحقیق کے نتائج کی تشریح میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے؟

۲۔ تنقید کا مقصد صرف عیب جوئی تک محدود نہیں ہوتا، اس کے دیگر تقاضے اور مقاصد کیا ہیں؟

۳۔ ڈاکٹر گیان چند جین کی کتاب ''اُردو کی نثری داستانیں'' اُردو تحقیق میں سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔ اس کتاب کی تیاری میں انہوں نے مواد کی حصول کے لئے کن ماخزات اور طریقۂ کار کا سہارا لیا؟

۴۔ اُردو کے اہم محققین میں سے کوئی چار نمایاں شخصیات کے نام بتائیں۔

۵۔ مسعود حسین خاں کو لقانیات اور اُردو تحقیق میں کیا امتیازات حاصل ہیں جو انہیں دیگر محققین سے ممتاز کرتے ہیں؟

۶۔ مالک رام نے غالبؔ کی تدوین میں کس طرح کے تحقیقی اصول اپنائے اور ان کے ''دیوانِ غالب''، ''خطوطِ غالب'' اور ''گلِ رعنا'' جیسے کاموں میں کیا اہم خصوصیات پائی جاتی ہیں؟

۷۔ حافظ محمود شیرانی نے ''شعر العجم'' اور ''آبِ حیات پر ایک نظر'' میں اغلاط وتسامحات کی نشان دہی کرتے ہوئے تحقیق کے کون سے اہم اصولوں کو اپنایا؟

۸۔ امتاز علی خاں عرشی کی حیثیت بحیثیت محقق کیا ہے اور تحقیقاتی کاوشوں کے اہم اثرات کیا ہیں؟

**************